سوال نمبر:1868 منجانب:عدنان خان صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| | کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرام ارشاد فرمائیں گے | |
| (الف) | آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف بورڈز آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے نویں اور دسویں کے امتحانات کے پرچوں کی مارکنگ بہت سخت کی گئی تھی ؟ جس میں کوہاٹ بورڈ کی مارکنگ سارے بورڈز سے بہت سخت تھی؟ | کوہاٹ بورڈ کی مارکنگ سخت نہیں ہوئی تھی بلکہ قواعد وضوابط کے مطابق دیے گئے Rubrics کے عین مطابق مارکنگ ہوئی تھی۔ |
| (ب) | آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے اسکی جانچ پڑتال کے لیے subject Specific Appraisal کمیٹی بنائی تھی؟ | جی ہاں۔ |
| (ج) | آیا یہ بھی درست ہے کہ اس کمیٹی کی ہدایت کی روشنی میں کوہاٹ بورڈ نے ٹاپ 70 طلباء کے پرچوں کی Post-evaluation remarking کی تھی؟ | جی نہیں۔ |
| (د) | اگر (الف) اور (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو | (الف) اور (ج) کے جوابات اثبات میں نہیں ہیں۔ |
| (i) | کوہاٹ بورڈ کے ٹاپ 70 طلباء کے نام اور ان سب کے کتنے اضافی نمبرات دیے گئے ہیں؟ اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔ | |
| (ii) | آیا واقعی ٹاپ 70 امیدواروں کے پرچے دوبارہ جانچ کیے گئے ہیں یا ان میں بھی کسی قسم کی پسند و ناپسند (Favoritism) سے کام لیا گیا؟ | |
| (iii) | نیز صرف انہی 70 امیدواروں کو جو رعایت یا ریلیف فراہم کیا گیا ہے۔ وہ کس قانون یا ضابط جاتی بنیاد پر دیا گیا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔ | |